# URDU

## (Second Language)

***Maximum Marks : 80***

***Time Allowed : Three Hours***

1. *Answer to this Paper must be written on the paper provided separately.*
2. *You will **not** be allowed to write during the first **15** minutes.*
3. *This time is to be spent in reading the question paper.*
4. ***The time given at the head of this paper is the time allowed for writing the answers.***

5. *This paper comprises **two** sections; **Section A** and **Section B**.*
6. *Attempt **all** the questions from **Section A**.*
7. *Attempt **four** questions from **Section B,** answering at least **one** question each from the **two** books you have studied and **any two** other questions from the same books that you have compulsorily chosen.*
8. *The intended marks for questions or parts of questions are given in brackets [ ].*

***Instruction for the Supervising Examiner***

*Kindly read aloud the instructions given above to all the candidates present in the Examination Hall.*

**This Paper consists of 12 printed pages.**



Downloaded From www.icseboard.org

## SECTION—A (40 Marks)

(*Attempt **all** questions from this Section.*)

**Question 1**

Write a short composition in **Urdu** of approximately **250** words on any **one** of the following topics :— [15]

درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے :—

(۱) آج کی بھاگ دوڑ بھری زندگی میں ہر آدمی ذہنی تناؤ میں مبتلا ہے۔ اسے دور کرنے اور زندگی کو خوشحال بنانے کے طریقوں کے بارے میں اپنے خیالات پیش کیجئے۔

(۲) کوئی ایسی پانچ انسانی خوبیاں لکھئے جس سے دوسروں کو فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے اور ان کے دلوں میں اپنے لئے جگہ بنائی جا سکتی ہے۔

(۳) ''کوا چلا ہنس کی چال، اپنی چال بھی بھول گیا'' کسی دلچسپ کہانی کے ذریعہ اس محاورے کی وضاحت کیجئے۔

(۴) آج دنیا کے ہر چھوٹے بڑے شہر کا ماحول آلودہ (Polluted) ہوتا جا رہا ہے وجوہات بیان کرتے ہوئے یہ بھی بتائیے کہ ماحول کی آلودگی کو کیسے کم کیا جائے۔

(۵) نیچے دی گئی تصویر کا جائزہ لیجئے۔ اس تصویر سے آپ کے ذہن میں جو خیالات ابھرتے ہیں اس کی تفصیل بیان کیجئے۔



Downloaded From www.icseboard.org

**Question 2**

Write a letter in **Urdu** in approximately **120** words on any **one** of the topics given below:– [7]

نیچے دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر لگ بھگ ۱۲۰ الفاظ پر مشتمل اردو میں خط لکھئے :—

(۱) کسی غلط فہمی کی وجہ سے کئی دنوں سے آپ کی اپنے ایک اچھے دوست سے بات چیت نہیں ہوئی۔ دوست آپ سے ناراض ہے۔ دوست کو منانے کے لئے اور اس کی غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے خط لکھئے۔

(۲) اپنے مالک مکان کو گھر کی ضروری مرمت کروانے کے لئے خط لکھئے۔ جیسے غسل خانہ کی دیوار میں شگاف پڑ گئے ہیں۔ باورچی خانہ کے بیسن (Sink) سے پانی بہہ رہا ہے وغیرہ۔ فوری درست کرنے کی درخواست کیجئے۔

**Question 3**

Read the passage given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :—

شیر شاہ کا اصل نام فرید خاں تھا۔ وہ حصار فیروزہ جو کہ دہلی میں واقع تھا، میں ۱۴۸۵ء میں پیدا ہوا۔ اس کے والد کا نام حسن خاں سوری اور دادا کا نام ابراہیم خاں سوری تھا۔ وہ افغانستان سے ہجرت کر کے سلطان بہلول کے زمانے میں ہندوستان آئے تھے۔ ان کا تعلق غوری خاندان سے تھا۔

فرید خاں بچپن سے ہی بہت حوصلہ مند، محنتی اور بہادر تھا۔ حسن خاں کے آٹھ لڑکے تھے۔ فرید خاں اور نظام خاں اس کی پہلی بیوی کے بیٹے تھے جو افغان تھی۔ علی اور یوسف دوسری بیوی سے، خرم اور نخی تیسری بیوی سے جب کہ سلیمان اور احمد چوتھی بیوی سے تھے۔ فرید خاں سب سے بڑا بیٹا ہونے کی وجہ سے اپنے والد کی تمام املاک اور جاگیر کا وارث تھا۔ کچھ دنوں بعد اس بات پر خاندان میں کش مکش شروع ہوگئی۔ سوتیلی ماں کی سختیاں اور ظلم اور والد کے ناموافق رویّے کو دیکھ کر فرید خاں جونپور چلا گیا۔ جونپور میں فرید خاں نے عربی زبان اور دیگر علوم کے ساتھ ساتھ تاریخ اور مختلف مذاہب کی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ اس نے سکندر نامہ، گلستاں و بوستاں کا بھی مطالعہ کیا۔

حسن خاں نے دو پرگنوں سہسرام اور خواص پور کے انتظام کی ذمہ داری فرید خاں کو سونپ دی۔ لیکن بعد میں حسن خاں نے دونوں پرگنے فرید خاں سے لے کر دوسرے بیٹوں سلیمان اور احمد کو سونپ دیئے۔ فرید خاں بہار اور جونپور کے حاکم بہار خاں لوہانی کی پناہ میں چلا گیا۔ ایک مرتبہ بہار خاں شیر کے شکار پر گیا۔ فرید خاں کو ساتھ لے گیا۔ اچانک شیر کا سامنا ہونے پر فرید خاں نے تلوار کے ایک ہی وار سے شیر کا کام تمام کر دیا۔ بہار خاں اس کی جرأت اور بے خوفی سے اتنا متاثر ہوا کہ اس نے فرید خاں کو شیر خان کے خطاب سے سرفراز کر کے اسے اپنے بیٹے جلال خاں کا استاد مقرر کر دیا۔

اس کے بعد شیر خاں نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ اس نے اپنی محنت، صلاحیتوں اور سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومت حاصل کی اور اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ اس کے بعد اس نے مغل بادشاہ ہمایوں کو شکست دے کر دہلی اور آگرہ پر قبضہ کر لیا۔ اور ہندوستان کے بادشاہ کی حیثیت سے شیر شاہ کا لقب اختیار کیا۔ ہمایوں کو اس نے جلا وطن کر دیا۔ ہمایوں ہندوستان چھوڑ کر ایران چلا گیا۔

(۱) شیر شاہ کا اصل نام کیا تھا اور اس کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ [2]

(۲) فرید خاں کے کتنے بھائی تھے؟ سبھی بھائیوں کے نام لکھیے۔ [2]

(۳) حسن خاں کون تھا اس نے کن دو پرگنوں کے انتظام کی ذمہ داری فرید خاں کو سونپ دی؟ [2]

(۴) فرید خاں کو شیر خاں کے خطاب سے کس نے سرفراز کیا اور کیوں؟ [2]

(۵) شیر خاں نے کس مغل بادشاہ کو شکست دے کر کہاں قبضہ کر لیا؟ [2]

**Question 4**

Answer the following questions according to the instructions given.

Choose the correct option :— [8]

مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات چن کر لکھیے :—

1. ''نظریہ'' کی جمع؟

(a) نظارے (b) نظائر

(c) نظریات (d) نظریں

2. ''شرفاء'' کا واحد؟

(a) شرف (b) شریف

(c) اشرف (d) شریفا



Downloaded From www.icseboard.org

3. ''امن'' کی ضد؟

(a) دشمنی (b) اختلافات

(c) نفرت (d) جنگ

4. ''جدید'' کی ضد؟

(a) پرانا (b) بعید

(c) ناتمام (d) قدیم

5. ''ذاکر'' کا مونث؟

(a) ذکرہ (b) ذاکرہ

(c) ذاکرنی (d) ذاکرین

6. ''حافظہ'' کا مذکر؟

(a) حافظ (b) حفاظت

(c) حافظن (d) محافظ

7. درست املا والے لفظ کی نشاندہی کیجئے :

(a) ابادت (b) عبادط

(c) اعبادت (d) عبادت

8. درست جملے کی نشاندہی کیجئے۔

(a) جنگلات کا تحفظ ہمارا فرض ہے

(b) طلباؤں کے لئے تعلیم اور کھیل دونوں ضروری ہیں۔

(c) وقت کا قدر کیجئے یہ کسی کے لئے نہیں رکتی

(d) ڈاکٹر ذاکر حسین بچوں کا بہت پسند کرتا تھیں۔

Downloaded From www.icseboard.org

## SECTION—B (40 Marks)

*Questions from only **two** textbooks are to be answered.*

*Attempt any **four** questions from this Section.*

*You must answer at least **one** question from each of the two books, you have studied and any **two** other questions from the same books that you have chosen.*

### لازوال مرقعے (حصہ نثر)
### LAZAWAL MURAQQE (PROSE)

**Question 5**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

اس کتاب کو وہ اکثر اٹھا کر پڑھنے لگتا تھا۔ خصوصاً جب کسی نادان دوست کی زبان سے دل دکھتا تو ضرور اس کتاب کی ورق گردانی کی جاتی۔ اسے دیکھ کر کبھی کبھی مسکراتا بھی تھا۔ اس کا ارادہ تھا کہ .................

(۱) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اس کے مصنف کا نام لکھئے۔ اور یہ بھی بتائیے کہ وہ کس کے مشورے سے جامعہ ملیہ سے وابستہ ہو گئے تھے؟ [2]

(۲) نیک آدمی کی کتاب کا نام کیا تھا؟ اس کتاب میں وہ کیا لکھتا تھا؟ [2]

(۳) نیک آدمی پر کون سی بیماری کا حملہ ہوا تھا؟ اس افسانے میں جن محاوروں کا استعمال کیا گیا ہے۔ ان میں سے کسی دو محاوروں کا ذکر کیجئے۔ [3]

(۴) اس نیک آدمی نے اپنی زندگی کی آخری سانسوں میں وہ کون سا کام کیا جس سے آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کے آخری قدم نہیں ڈگمگائے۔ [3]

Downloaded From www.icseboard.org

### Question 6

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''کوئی آدھی رات کے قریب دادی نے زمین پر چٹائی بچھائی اور دسترخوان لگایا۔ بہت سی ان میل بے جوڑ اصلی چینی پلیٹوں میں کئی قسموں کا کھانا چنا۔ شاید میں نے آج تک اتنا نفیس کھانا نہیں کھایا تھا.................''

(۱) اس اقتباس کے مصنف کا نام لکھئے۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ مصنف کے کسی دو افسانوں کے نام لکھئے۔ [2]

(۲) دادا کا نام کیا تھا اور یہ کہاں کے قاضی تھے؟ مصنف سے ان کی پہلی ملاقات کہاں ہوئی تھی؟ [2]

(۳) مصنف کو کہاں جانا تھا وہ اس گاؤں میں کیسے پہنچ گئے؟ رخصت کرتے وقت دادی نے مصنف کو کیا دیا اور کیا کہا؟ [3]

(۴) ''ہاں کل شام معلوم نائی کا وقت پڑا ہے میاں پر کہ یہ گھنٹہ دے دیہن'' یہ جملہ کون کس سے کہہ رہا ہے اور اس کا اثر کس پر اور کیوں پڑا؟ [3]

### Question 7

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''اب دل خانہ خراب ہے کہ نہ معلوم کہاں بہتا چلا جاتا ہے اپنی حالت کو دیکھئے اور دنیا بھر پر نظر ڈالئے۔ حینا بھی برتن مانجھ کر کبڈی کھیل رہا ہے اس کی ''بڈبڈ'' پر بے اختیار آنکھ جاتی۔ منگیا بھی گوبر تھاپ کر مزے سے ہمارے سامنے ہی جامنیں جھاڑ جھاڑ کر کھا رہی ہے۔''

(۱) اس سبق کی مصنفہ کون ہیں وہ کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟ [2]

(۲) لائبریری صاف کرتے وقت کس پرانے پرچے پر ان کی نظر پڑی؟ اس میں کس کے لکھے مضمون کو دیکھ کر ان کو اپنا بچپن یاد آ گیا؟ [2]

(۳) ماسٹر صاحب کے آنے پر مصنفہ کا کیا حال ہوتا تھا؟ [3]

(۴) پڑھائی کے دوران بارات کے باجے کی آواز سن کر مولوی صاحب بچوں کو کیا سمجھاتے تھے؟ [3]



Downloaded From www.icseboard.org

## لازوال مرقعے (حصہ نظم)

## LAZAWAL MURAQQE (POEM)

**Question 8**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

آؤ کہ آج غور کریں اس سوال پر ۔۔۔ دیکھے تھے ہم نے جو، وہ حسین خواب کیا ہوئے؟

دولت بڑھی، تو ملک میں افلاس کیوں بڑھا؟ ۔۔۔ خوش حالی عوام کے اسباب کیا ہوئے؟

جو اپنے ساتھ ساتھ چلے کوے دار تک ۔۔۔ وہ دوست، وہ رفیق، وہ احباب کیا ہوئے؟

کیا مول لگ رہا ہے شہیدوں کے خون کا؟ ۔۔۔ مرتے تھے جن پہ ہم، وہ سزایاب کیا ہوئے؟

(۱) اس نظم کے شاعر کون ہیں؟ ان کا اصل نام لکھئے۔ [2]

(۲) شاعر کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟ ان کا انتقال کب ہوا؟ [2]

(۳) مندرجہ بالا اشعار کے ہم قافیہ اور ہم ردیف لکھئے۔ [3]

(۴) ''مجرم ہوں میں اگر، تو گنہگار تم بھی ہو ۔۔۔ اے رہبرانِ قوم! خطا کار تم بھی ہو'' [3]
اس شعر میں مجرم کسے قرار دیا گیا ہے؟

**Question 9**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

پیا باج پیالا پیا جائے نا
پیا باج اک تل جیا جائے نا
نہیں عشق جس کوں بڑا کوڑ ہے
کدھیں اس سے مل بیسیا جائے نا
قطبؔ شہ نہ دے مجھ دوانے کو پند
دوانے کوں کچھ پند دیا جائے نا

(۱) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کے ہیں؟ ان کی جائے پیدائش لکھئے۔ [2]

(۲) کہی تھے پیا بن صبوری کروں، .............................. شعر مکمل کیجئے۔ [2]

Downloaded From www.icseboard.org

(۳) شاعر کس سلطنت کے حکمراں تھے اور ان کو اُردو شاعری میں کون سا اعزاز حاصل ہے؟ [3]

(۴) مقطع کی تشریح کیجئے۔ [3]

**Question 10**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

(۱) درد منت کشِ دوا نہ ہوا
میں نہ اچھا ہوا بُرا نہ ہوا

(۲) جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو
اِک تماشا ہوا گلہ نہ ہوا

(۱) غالبؔ کا مکمل نام لکھتے ہوئے یہ بھی لکھئے کہ کس مغل بادشاہ کے استاد تھے؟ [2]

(۲) اس غزل کا مقطع لکھئے۔ [2]

(۳) غالبؔ نے اُردو غزل میں کیا تبدیلی کی؟ [3]

(۴) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ [3]

## دروازے کھول دو—ڈراما (کرشن چندر)

## DARWAZE KHOL DO—DRAMA (Krishan Chander)

**Question 11**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''وہ کیسی گندی ذہنیت ہوگی جو کسی انسان کو چھو لینے سے ناپاک ہو جاتی ہے اور ہر وقت نہانے پر آمادہ رہتی ہے۔ اس ذہنیت کو گنگا جی میں ڈبو دینا چاہئے ہمیشہ کے لئے۔''

(۱) یہ ڈائیلاگ کس کا ہے اور یہ بات وہ کس سے کہہ رہا ہے؟ بولنے والے اور سننے والے کے درمیان کیا رشتہ ہے؟ [2]

(۲) ڈائیلاگ بولنے والا یہ بات کیوں کہہ رہا ہے؟ [2]

(۳) یہاں کیسی ذہنیت کو گنگا جی میں ڈبو دینے کی بات ہو رہی ہے؟ سننے والا بولنے والے کو کیا کہہ کر چپ کرا دیتا ہے؟ [3]

(۴) مدراسی سیٹھ جاتے وقت رام دیال سے غصے سے کیا کہتا ہے اور رام دیال اس کو کیا جواب دیتا ہے؟ [3]



Downloaded From www.icseboard.org

**Question 12**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''اب صاحب کیا کریں، ہمارے لکھنؤ کی تہذیب ہی ایسی ہے آٹھ سو سال ساتھ رہنے سے بہت سے الفاظ ان کے ہماری زبان پر چڑھ گئے ہیں اور بہت سے الفاظ ہمارے ان کی زبان پر آ گئے ہیں۔ اب میل جول میں یہی تو ہوتا ہے۔ اس میں بری بات کیا ہے؟''

(۱) مندرجہ بالا بات کون کس سے کہہ رہا ہے؟ وہ گفتگو کے دوران اُردو کے کون سے الفاظ بولتا ہے؟ [2]

(۲) مُنّن کا پورا نام کیا تھا؟ وہ کس خاندان سے تعلق رکھتا تھا؟ [2]

(۳) رام دیال کا شک دور کرنے کے لئے مرزا جی مُنّن کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ [3]

(۴) مُنّن مکان لینے سے کیوں انکار کرتا ہے؟ [3]

**Question 13**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''رام دیال : یہ تو میں بعد میں بتاؤں گا کہ میں کون ہوں؟ پہلے آپ بتایئے آپ کون ہیں؟ اور کس نے یہاں آپ کو سامان لانے کی اجازت دی؟

ڈاکٹر : سامان تو وہی لائے گا جو فلیٹ کرایہ پر لے گا۔ میری بیٹی نے غالباً یہاں فلیٹ کرایہ پر لیا ہے..............''

(۱) کون کس کے کہنے پر سامان لے کر آیا تھا اور یہ لوگ کتنے دن سے فلیٹ ڈھونڈھ رہے تھے؟ [2]

(۲) ڈاکٹر اور اس کی بیٹی کا نام کیا تھا؟ یہ لوگ کون سے ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے؟ [2]

(۳) رام دیال انھیں فلیٹ کرایہ پر دینے سے کیوں انکار کرتا ہے؟ جس پر ڈاکٹر کیا کہتا ہے؟ [3]

(۴) ''آپ چپ کیوں ہیں؟ کیا آپ اپنے محسن کا شکریہ ادا نہیں کریں گے؟'' یہ جملہ کون کس سے اور کیوں کہہ رہا ہے؟ [3]



Downloaded From www.icseboard.org

## ناول۔ نصوح کا خواب (توبۃ النصوح)۔۔۔ڈپٹی نذیر احمد

## NOVEL–NUSUH KA KHAWAAB (TAUBAT-UN-NUSUH)- by DY. NAZEER AHMED

**Question 14**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے :—

''اتنے میں سلیم دروازے سے نمودار ہوا۔ مگر اس سے پہلے وہ اپنا سر منڈا چکا تھا اور اس خیال سے کہ ایسا نہ ہو بڑے بھائی جان دیکھ لیں، چاہتا تھا کہ چپکے چپکے دبے پاؤں گھر میں گھس جائے لیکن جوں ہی بیچارے نے دروازے کے اندر قدم رکھا تھا کہ کلیم نے آواز دی۔''

(۱) سلیم نے بال کس کے کہنے سے منڈوائے تھے؟ انھوں نے سلیم کو اور کس بات کی تاکید کی تھی؟ [2]

(۲) سلیم کے والد نے اس کو کن کاموں کو کرنے سے منع کیا تھا؟ [2]

(۳) کلیم پابندیوں کے ساتھ جینے کے بارے میں کیا کہتا ہے اور کون سا شعر پڑھتا ہے؟ [3]

(۴) پہلی بار کلیم گھر چھوڑ کر کیوں گیا تھا؟ اور دوسری بار گھر چھوڑنے کی کیا وجہ تھی؟ [3]

**Question 15**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''فہمیدہ نے میاں کے روبرو بیٹیوں کا بیڑا اٹھانے کو تو اٹھالیا تھا، لیکن نعیمہ کے تصور سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے اور جی ہی جی میں کہتی کہ ذرا بھی میں اس بھڑوں کے چھتے کو چھیڑوں گی تو میرا سر مونڈ کر بھی بس نہیں کرے گی۔''

(۱) فہمیدہ نے میاں کے سامنے کیا بیڑا اٹھایا تھا؟ [2]

(۲) فہمیدہ اور نعیمہ میں آپس میں کیا رشتہ ہے؟ نعیمہ کی دوسری بہن کا کیا نام ہے؟ [2]

(۳) نعیمہ نے اپنی بہن کو کیوں مارا اور کس حالت میں؟ [3]

(۴) اوپر دیئے گئے اقتباس (پیراگراف) میں تین محاورے ہیں۔ بیڑا اٹھانا، رونگٹے کھڑے ہو جانا، بھڑوں کے چھتے کو چھیڑنا، محاوروں کا مطلب واضح کیجیے۔ [3]



Downloaded From www.icseboard.org

**Question 16**

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''جن لوگوں نے رمضان میں بھی نماز نہیں پڑھی تھی وہ بھی پانچوں وقت سب سے پہلے مسجد میں آموجود ہوتے تھے۔ جنہوں نے بھول کر بھی سجدہ نہیں کیا تھا اُن کا اشراق وتہجد تک قضا نہیں ہونے پاتا تھا۔ دنیا کے بے ثباتی، تعلقاتِ زندگی کی ناپائیداری سب کے دل پر نقش ہوگئی تھی۔''

(۱) ناول توبتہ النصوح کا مرکزی کردار کون ہے؟ اس کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں؟ [2]

(۲) یہ ناول کس موضوع پر لکھا گیا ہے اور یہ ناول کتنی فصلوں پر مشتمل ہے؟ [2]

(۳) اس ناول میں خواب کس نے اور کب دیکھا تھا اور خواب میں کیا دیکھا؟ [3]

(۴) ہیضہ سے بچنے کے لئے نصوح کے گھر میں کون کون سی تدبیریں ہوئیں؟ [3]

Downloaded From www.icseboard.org